NHS

# HPV vaccination

آپ میں کینسر کا خطرہ کم کرنے میں مدد کے لیے HPV
انفیکشن کے خلاف تحفظ کی فراہمی



arm against cancer

# یونیورسل HPV مدافعت کاری پروگرام

HPV ویکسین ستمبر 2008 سے اسکول کے 8 ویں سال کی تمام لڑکیوں کو دی جا چکی ہے۔ ستمبر 2019 سے یہ ویکسین 8 ویں سال کے لڑکوں کو بھی دی جا چکی ہے۔

کیونکہ ثبوت سے واضح ہو چکا ہے کہ HPV ویکسین لڑکوں اور لڑکیوں دونوں کو HPV سے متعلقہ کینسرز سے تحفظ میں مدد دیتی ہے۔

**HPV ویکسین کی 280 ملین سے زیادہ خوراکیں دنیا بھر میں دی جا چکی ہیں، جن میں سے 120 ملین خوراکیں امریکہ اور 10 ملین سے زیادہ برطانیہ میں دی گئی ہیں۔**

## HPV ویکسین آپ کو انسانی پیپلوماوائرس (HPV) سے متاثر ہونے سے بچانے میں مدد دیتی ہے۔

یہ وائرس زندگی میں آگے چل کر بعض کینسرز پیدا کرنے کا خطرہ بڑھاتا ہے، جیسے کہ:

- سرویکل کینسر
- منہ اور حلق کے بعض کینسرز
- مقعد اور جنسی حصوں کے بعض کینسرز

HPV ویکسین جنسی طور پر منتقل شدہ دیگر انفیکشنز کے خلاف تحفظ نہیں دیتی۔



# HPV اور یہ کس طرح پھیلتا ہے

70%

**HPV انفیکشن بہت عام ہے۔**
70 فیصد سے زائد غیر ویکسین شدہ لوگوں کو یہ لگائی جائے گی

**HPV پورے جنسی حصے میں اور اس کے اردگرد زندہ رہتا ہے**، لہٰذا کنڈومز کا استعمال HPV سے مکمل تحفظ فراہم نہیں کرتا

HPV کی **بہت سی مختلف اقسام** ہیں

زیادہ تر HPV انفیکشنز کوئی علامات پیدا نہیں کرتے اور **خود سے بہتر ہو جاتے ہیں**

**بعض خود سے بہتر نہیں ہوتے** اور کینسر کا باعث بن سکتے ہیں جبکہ کچھ جنسی مسے/پھنسیاں پیدا کرتے ہیں

## HPV ویکسین اب تک کیا بہتری لا چکی ہے؟

برطانیہ میں ویکسینیشن پروگرام کے آغاز سے لے کر پندرہ سالوں میں HPV انفیکشنز اور جنسی مسوں/پھنسیوں میں مبتلا نوجوانوں کی تعداد میں بہت بڑی کمی آئی ہے۔

وقت کے ساتھ ساتھ توقع ہے کہ یہ ویکسین برطانیہ میں ہر سال سیکڑوں زندگیاں بچائے گی۔

**آپ کو بہترین تحفظ دینے کے لیے، ویکسین آپ کے جنسی طور پر فعال ہونے سے پہلے دی جانی چاہیے۔**

**اگر آپ جنسی طور پر فعال ہوں، تب بھی آپ کو ویکسین لینی چاہیے۔**

## HPV ویکسین لگوانا

یہ ویکسین بطور انجکشن آپ کے بالائی بازو میں لگائی جاتی ہے۔

زیادہ تر لوگوں کو تحفظ کے لیے صرف ایک خوراک کی ضرورت ہوگی۔ یہ عام طور پر اسکول کے کم و بیش 8 ویں سال میں دی جاتی ہے۔



## HPV ویکسین

**NHS vaccination schedule** میں استعمال ہونے والی HPV ویکسین Gardasil 9 ہے اور یہ کینسر اور جنسی مسوں/پھنسیوں کا باعث بننے والی HPV کی 9 اقسام کے خلاف زیادہ تر لوگوں کو صرف ایک خوراک سے تحفظ دیتی ہے۔

## میں نے اپنی ویکسینیشن نہیں لگوائی، کیا میں اب بھی اسے لگوا سکتا /سکتی ہوں؟


جی ہاں۔ اگر اسکول میں آپ کو ویکسینیشن نہیں دی گئی، تو بھی آپ ہمت کرکے جلد از جلد اسے لگوا سکتے ہیں۔

اپنے اسکول کے نرس، اسکول کی مدافعت کاری ٹیم یا GP پریکٹس سے رابطہ کرکے اپائنٹمنٹ طے کریں۔

آپ 25 سال کی عمر تک ویکسین لگوانے کے اہل رہتے ہیں۔

## ویکسین لگوا لینے والی خواتین کو بھی سرویکل کا تجزیہ کروانے کی ضرورت ہوگی

برطانیہ میں 25 سال اور اس سے زائد عمر کی تمام خواتین کے لیے سرویکل کے تجزیاتی ٹیسٹس پیش کیے جاتے ہیں۔ HPV ویکسین سرویکل کینسر کے 90 فیصد تک کیسز کی روک تھام کرسکتی ہے، لیکن خواتین کو اس کے باوجود بھی بلائے جانے پر سرویکل تجزیے کے لیے جانا چاہیے۔





## دیگر کینسرز کا کیا ہوگا؟

HPV سے متعلقہ دیگر کینسرز کے لیے فی الحال کوئی تجزیاتی پروگرام نہیں ہے۔ اگر آپ کسی علامت کے حوالے سے فکرمند ہیں تو اپنے GP پریکٹس سے بات کریں۔

## مضر اثرات

دیگر بہت سی ویکسینیشنز کی طرح، HPV ویکسینیشن کے مضر اثرات معمولی درجے کے ہیں۔ بازو میں درد، سوجن اور سرخی عام علامات ہیں لیکن ایک دو دن میں غائب ہو جاتی ہیں۔ زیادہ سنگین مضر اثرات شاید ہی کبھی ہوتے ہوں۔

ویکسین برطانیہ میں استعمال کے لیے سخت حفاظتی معیارات کو پاس کرچکی ہے اور اسے بہت محفوظ ویکسین پایا گیا ہے۔ برطانیہ اور دنیا بھر میں لڑکوں اور لڑکیوں کو ویکسین کی لاکھوں خوراکیں دی جا چکی ہیں۔ تمام ویکسینز کی طرح، مضر اثرات کی کسی بھی اطلاع کی باریک بینی اور نگرانی اور نظرِثانی کی جاتی ہے۔

اگر آپ کو ویکسین سے کسی مشتبہ مضر اثرات کا تجربہ ہوا ہو، تو آپ یلو کارڈ ویب سائٹ پر یا پھر **0800 731 6789** پر (صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک پیر تا جمعہ) کال کرکے یا یلو کارڈ ایپ ڈاؤن لوڈ کرکے ان کی اطلاع دے سکتے ہیں۔

**www.mhra.gov.uk/yellowcard**

## یاد رکھیں

- **ابھی اپنی HPV ویکسین لگوانے کے لیے، خود کو مستقبل میں کئی طرح کے کینسرز سے بچانے کے لیے**
- **یہ ویکسین برطانیہ میں ہر سال سیکڑوں زندگیاں بچا رہی ہے**
- **HPV ویکسین سے تحفظ حاصل کرنے کے بعد بھی آپ کو صحت کے معائنے کروانے ہوں گے، جیسے کہ 25 سال کی عمر سے سرویکل اسمیئر**

**مزید معلومات کے لیے، www.nhs.uk/hpv وزٹ کریں**

Gardasil 9 ویکسین کے اجزاء کی مکمل فہرست مریض کے معلوماتی کتابچے (PIL) میں دی گئی ہے:

**www.medicines.org.uk/emc/product/7330/pil**

پروڈکٹ کی خصوصیات کا خلاصہ (SPC):

**www.medicines.org.uk/emc/product/7330/smpc/print**

یہ کتابچہ برطانیہ کی ہیلتھ سیکیورٹی ایجنسی کی جانب سے تخلیق کیا گیا ہے۔
**مدافعت کاری، ہر ایک کو ہر عمر میں تحفظ فراہم کرنے میں مدد دے رہی ہے۔**

یہ کتابچہ آرڈر یا ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے **www.healthpublications.gov.uk** وزٹ کریں، 0300 123 1002 (لائنیں پیر تا جمعہ صبح 8 سے شام 6 بجے تک کھلی ہیں) پر کال کریں۔ اس کتابچے کا ترجمہ درج ذیل زبانوں میں بھی دستیاب ہے: البانوی، عربی، بنگالی، برازیلین پی ٹی۔، بلغاروی، چینی، ہسپانوی، ایسٹونین، فارسی، فیجیئن، یونانی، گجراتی، ہندی، کردش، لیٹوین، لیتھونین، نیپالی، پنجابی، پشتو، پولش، رومانی، رومانین، روسی، صومالی، ٹیگالوگ، ترکش، ٹوائی، ٹگرینیا، یوکرینی، اردو، یدش اور یوروبا

© Crown Copyright 2023. Product code: HPVU1L-UR. 3P 850K MAY 2023 (APS)
UK Health Security Agency gateway number 2023-048 Urdu